۲۸۰ سورۃ لایلاف قریش تمام گیارہ مرتبہ پڑھ کر مصری پر دم کر کے مطلوب کو کھلادے انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب محبت کرے گا۔

۲۸۱ اللھم صل علیٰ محمد بعدد معلوم لک ایک سو پچیس بار پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کرکے مطلوب کو کھلائے محبت پیدا ہوگی۔

۲۸۲ ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین برحمتک یا ارحم الراحمین۔ اس مبارک آیت کو [illegible] مرتبہ پڑھ کر [illegible] کے پھول [illegible] شربت یا مٹھائی پر دم کرے اور مطلوب کو کھلادے خداوند کریم کو منظور ہوا تو طالب اور مطلوب میں سخت محبت والفت پیدا ہوگی۔

۲۸۳ انا انزلنہ فی لیلۃ القدر وما ادرٰک ما لیلۃ القدر لیلۃ القدر خیر من الف شھر تنزل الملئکۃ والروح فیھا باذن ربھم من کل امر سلٰم ھی حتی مطلع الفجر

[illegible] کسی مرد یا عورت سے محبت کی ضرورت ہو تو مطلوب کی پیشانی کے بال تھوڑے سے [illegible] اللہ تعالیٰ ان کے درمیان محبت [illegible] پیدا کر دے گا۔

۲۸۴ **اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَ وَضَعْنَا** یعنی یہ سورۃ شریف شام کے بعد مطلوب کا دل میں تصور رکھ کر سات مرتبہ پڑھے اور نمک پر دم کرتا رہے اور اس نمک کو آگ میں ڈالے انشاءاللہ مطلب حاصل ہوگا۔

۲۸۵ **واللہ المستعان علی ما تصفون یا رفیق یا شفیق نجنی من کل ضیق۔** کسی شخص سے دوستی کرنے کے لیے مذکورہ بالا آیت شریف کو ہر روز مع ناموں کے جو ساتھ تحریر ہیں ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور پھولوں یا شیرینی پر دم کر کے اس شخص کو سونگھنے یا کھلانے کے لیے دے بیشک مطلوب اس کے حکم کا فرمانبردار ہو جائے گا مجرب یہ ہے۔

۲۸۶ یاد رکھنا چاہیے کہ حب کے لیے تصور لازمی چیز ہے جتنا زیادہ تصور قوی ہوگا اتنا ہی زیادہ قوی اثر ہوگا۔ اصل میں کام دل کی قوت ہی کرتی ہے عمل تو ایک ذریعہ بن جاتا ہے حب کے لیے یہ نہایت نادر چیز ہے۔ آزمایئے اور قدرت خداوندی کا تماشہ دیکھیے اس کو نوچندی جمعرات سے شروع کیا جائے۔

بعد نماز عشاء تنہائی میں جہاں شور وغل نہ ہو بیٹھ کر محبوب کا تصور کرے یعنی یہ خیال باندھے کہ گویا وہ میرے سامنے دست بستہ موجود ہے اور اس کو مخاطب کر کے ۳۶ مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ اول و آخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف پڑھے، شروع میں تصور کرتے ہوئے ذرا دقت ہوگی کہ بار بار ذہنی تصویر آئے گی اور جائے گی مگر اس سے دل برداشتہ نہیں ہونا چاہیے۔ اور بار بار تکلف اور کوشش کے ساتھ محبوب کی تصویر کو سامنے رکھنا چاہیے۔ اگر دوران عمل میں تصور کی قوت کام کرتی رہی تو انشاءاللہ ایک ہفتہ کے بعد اس کے اثرات ظاہر ہونے لگیں گے اسی طرح پورا ایک چلہ کرنا چاہیے۔ ٹھیک وقت مقررہ پر پڑھنا چاہیے۔ کسی روز ناغہ نہ ہو اور دوران عمل میں اٹھتے بیٹھتے اور چلتے پھرتے وضو بے وضو اس کا ورد رکھنا چاہیے۔

یَا اللّٰہُ الْوَدُوْدُ

یا مسخر من فی السموات ومن فی الارض و یا مسخر من فی البر و البحر سخر لی قلب فلاں بن فلاں کی جگہ محبوب اور اس کی والدہ یا والد کا نام لے یہ عمل چاند کی سات تاریخ سے شروع کرے۔ بعد نماز عشاء ۵۲۱ مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اکیس دن تک ایسا ہی کرے۔ اگر کسی کو فوری طور پر مہربان کرنا ہو تو کسی میٹھی چیز پر ایک سو ایک بار درود شریف اور

ایک سو ایک بار سورۃ اخلاص دم کر کے کھلا دینا چاہیے۔

۲۸۷ سنگدل محبوب کو مطیع و فرمانبردار بنانے کے لیے یہ عمل بے حد موثر ہے۔ کیسا ہی سنگدل محبوب کیوں نہ ہو آناً فاناً میں موم ہو جاتا ہے اور طالب کا دم بھرنے لگتا ہے جو شخص با اعتقاد صادق اور جائز نیت سے اس عمل کو پڑھے گا وہ ضرور کامیاب ہوگا عمل یہ ہے۔

ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین برحمتك یا ارحم الراحمین۔

ترکیب اس کی یہ ہے کہ مندرجہ بالا آیت کو نوچندی جمعرات کے دن سات مرتبہ پڑھ کر کسی قسم کی شیرینی پر یا چنبیلی کے پھولوں پر دم کرے۔ اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف بھی پڑھے بعدہ، یہ دم شدہ شیرینی محبوب کو کھلا دے اگر پھولوں پر دم کیا ہے تو ان پھولوں کو سونگھا دے لیکن شرط یہ ہے کہ با اعتقاد صادق اور نیت جائز عمل پڑھا گیا ہو انشاءاللہ کامیابی حاصل ہوگی۔

۲۸۸ محبت کے لیے اس نقش کو ساعت سعید وقت حمید میں لکھ کر پانی میں گھول کر معشوق کو کسی بھی ذریعہ سے پلادے انشاءاللہ تعالیٰ معشوق بے قرار و دیوانہ ہو کر پاس طالب کے برہنہ پا آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

۴	۶	ع	۱۱	۱۰۱	۹	۲	۱۳
۹	۷	۵	۱۳	۱۵	۸	۱۱	۰
۷	اک	ھو	۱۱۰	۹۰	۹	۶	۰
۵۳	۷۷	ود	۵۱	۱۱۱	۵	۱	۱
۱۲	ولا	مط	مط	مط	مط	مط	۱

نقش کے نیچے نام طالب و مطلوب بمعہ ماں کے ناموں کے آنا ضروری ہے۔

۲۸۹ جو شخص کسی سے شادی کا خواستگار ہو اور محبوبہ یا اس کے والدین ہرگز اس شخص سے شادی کرنے کے لیے تیار نہ ہوں بلکہ اس ارادے کی وجہ سے جانی دشمن بن گئے ہوں تو اس کو چاہیے کہ اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھے اور جو اس سلسلے میں اس کے مخالف ہوں ان کے سامنے جائے وہ دیکھ کر موم ہو جائیں گے اور خوشامد کر کے خود اس کی شادی اس کی محبوبہ کے ساتھ کر دیں گے۔

۲۹۴ برائے محبت یہ نقش بہت ہی کامیاب اور زود اثر ہے۔ اگر طالب مطلوب کو اپنا گرویدہ بنانا چاہے تو اس کو چاہیے کہ اس تعویذ کو لکھ کر اور پانی سے دھو کر مطلوب کو پلا دے۔ انشاء اللہ مطلوب کی محبت میں کھانا ہونا، اٹھنا، بیٹھنا سب کچھ حرام کر کے طالب کی خدمت میں برہنہ پا مثل پاگل دیوانہ کے حاضر ہوگا۔
وہ نقش معظم یہ ہے۔

ع ع ع ع ع ع ع ب ب د د د د د د د د د د د د زر ر د ز ر لا لا

۲۹۵ واسطے افزونی جانبین کہ اگر مرد کرے داہنے ہاتھ میں باندھے اور اگر عورت چاہے کہ شوہر مطیع رہے بائیں ہاتھ میں باندھے اور چاروں نام اس نقش کے نیچے لکھے یعنی عورت کا نام اور اس کی ماں کا نام مرد اپنا نام اور اپنی ماں کا نام یہ چاروں نام خواہ عورت لکھے یا مرد چاروں نام لکھنا ضروری ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔

ن ۱۱ ۰ ۲
و ۷ ۱۱۱
نسر

۲۹۶ جبکہ محبوب پر کوئی عمل کارگر نہ ہو رہا ہو اس وقت یہ فتیلہ تیار کر کے قدرت خداوندی کا کرشمہ دیکھیے۔ اس مبارک نقش کو سفید کاغذ پر تازہ سیاہی سے پاک صاف ہو کر باوضو لکھیے اور صاف روئی او پر لپیٹ کر فتیلہ تیار کیجئے۔
رات کو ایک وقت مقرر کر کے نئے سکورے میں کڑوا تیل ڈال کر اس فتیلہ کو جلایئے اور رخ اس کا خانہ محبوب کی جانب ہو۔ انشاء اللہ فوری اثر ہوگا۔
اس عمل شریف کو نہایت ہی ضرورت کے وقت عمل میں لایا جائے۔ کیونکہ نقش نہایت پر اثر، مجرب اور آزمودہ ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جائز ضرورت کے وقت اس کا استعمال کیا جائے ورنہ بجائے نفع کے شدید نقصان ہو جانے کا اندیشہ ہے اس شرط کو مقدم تصور کیا جائے۔

فلاں بن فلاں

ع ع ع	لاک مالک ۲۹ ھ	ا ا ا
ف خ	ک ن	د د
و حسن	غاۂ نوری	خ ط
نوح	نعت البجن ھوئی	سعد اللہ ان خ
میکائیل	علی محمد قادر تازہ	اے العجل العجل خیر العجل
حاکائیل	ی حسن	ــ
یاعلی	یاعلی	یاعلی

۲۹۷ محبوب کو اپنی محبت میں دیوانہ بنانے کا بہت ہی آسان اور سہل طریقہ درج کیا جا رہا ہے جس سے ہزاروں اشخاص فیض یاب ہو چکے ہیں۔ آپ بھی خدا پر بھروسہ رکھتے ہوئے اس آسان طریقے سے اپنے محبوب پر نفذ کریں۔
طریقہ یہ ہے کہ کسی نہ کسی طرح اپنے محبوب کو ریت پر چلنے کا موقع دو یا دھیان رکھو کہ کب محبوب کو ریت پر چلنے کا اتفاق ہوتا ہے کیونکہ محبوب کے داہنے پیر کے نیچے کی خاک درکار ہے جس پر محبوب کے تمام نشانوں کی خاک اس طرح اٹھائی جائے کہ داہنے پیر کے نشان کو انگلی سے درمیان میں شگاف دے کر اٹھا لو۔
اسی طرح داہنے پیر کے سات نشانوں کے درمیان سے شگاف دیکر اٹھا لو اور کسی کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کتا ہوا سات گز سوت لے کر منگل کے روز اس سوت کو جلا کر خاک کر کے اس کے پیر کے نیچے کی خاک میں جو کہ پہلے سے محفوظ رکھی ہے شامل کر لو۔
سات روز متواتر دھوپ کی بتی دیتے رہو آٹھویں روز اسی خاک کو ایک چٹکی محبوب کے سر پر ڈال دو خاک بالوں پر پڑتے ہی آپ کا محبوب آپ کی محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔ یہ طریقہ جادو سے بڑھ کر کام کرتا ہے۔

۲۹۸ اس عمل کو ۱۲۱ نیم کے پتوں پر ۱۲۱ نقش لکھے اور پھر ان میں سے گیارہ عدد نقش روزانہ کے حساب سے گیارہ روز تھوڑے سے پانی میں انگلی میں نتھارے پھر اس پانی میں آٹے کی گیارہ گولیاں بنالے۔ پھر قمری مہینے کی

پہلی تاریخ سے دریا یا کسی نہر پر جانا شروع کرے اور پھر ان گولیوں کو مچھلیوں کو کھلا دے یہ عمل گیارہ روز تک برابر اسی طرح جاری رکھے مگر یاد رہے چلتے وقت راستے میں کسی عورت یا مرد سے بات نہ کرے انشاءاللہ تعالیٰ گیارہ روز کے عرصہ میں مطلوب ماہی بے آب کی طرح تڑپتا ہوا طالب کی خدمت میں حاضر ہو جائے گا اور ہمیشہ ہمیشہ کے لیے تابعدار رہیگا۔ نقش یہ ہے۔ ۷۸۶

فلاں	۱۳۱	۱۳۱	ر	فلاں
ع	۱۳۱	ب	۱۳۰	۱۳۱
۱۳۱	ت	بن	و	۱۳۱
فلاں	۱۳۱	۱۳۱	۱۳۱	فلاں

۲۹۹ مندرجہ ذیل نقش کو گزرگاہ مطلوب میں دفن کرے تاکہ وہ اس کو پھاند جاوے بس مطلوب طالب کے پیچھے پیچھے پھرے۔ نقش مکرم یہ ہے۔

ش ش ش ص ص ص ش ش ش

ص ص ص ش ش ش

۳۰۰ جو شخص جائز محبت کا خواستگار ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل نقش اکسیر ثابت ہوں گے۔

چاہیے کہ ان دونوں تعویذوں کو عروج ماہ بہ ساعت زہرہ چینی کے پیالے میں زعفران وگلاب سے لکھے اور اس پیالے میں چائے یا شربت محبوب کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ ایک مرتبہ کے عمل سے ہی محبوب مطیع فرمانبردار ہو جائے گا۔ تعویذات یہ ہیں۔

ک	۸	۴۱	۲۰۱
۴۲	ر	۳۱	ے
۱۹۵	۱۲۵	ی	۲۲
۹	۲۲		م

۲	ط	ے
ز	ص	ج
د	ا	ج

۳۰۱ مندرجہ ذیل اسم کو انار کے پھول پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرکے محبوبہ کو دیجئے بس سونگھتے ہی آپ کے عشق میں دیوانی ہو جائے گی اسم یہ ہے۔

جلد جلد كاملة يواليت سواها

۳۰۲ مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر اور دھو کر اگر طالب مطلوب کو پلا دے تو مطلوب اس کی محبت میں اندھا ہو جائے گا خواہ محبوب طالب سے کتنی ہی نفرت کیوں نہ رکھتا ہو وہ کسی طرح بھی اپنی محبت کو ظاہر کیے بغیر نہ رہ سکے گا۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ جب سورج گرہن ہو اس دوران لکھ کر محفوظ رکھ لیں اور جب کبھی ضرورت پیش آئے تو اس کو پانی میں دھو کر محبوب کو پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی ضروری اور لازمی ہو گی اگر اس نقش سے آپ کے مقصد میں کامیابی حاصل ہو جائے تو آپ کا فرض ہو جاتا ہے کہ آپ کے جس عزیز یا دوست کو ضرورت پیش آئے تو اگر آپ کے پاس یہ نقش لکھا ہوا موجود ہو تو اس کی ضرورت کو پورا کریں اور اگر تیار نہ ہو تو یہ نقش بغیر کسی معاوضے کے بتا دیں۔ نقش معظم یہ ہے۔

جہاں سے آپ کا محبوب گزرتا ہو وہ جب بھی اس نقش کو پھلانگے گا اس کے دل میں ایکبارگی محبت کا جوش و خروش پیدا ہونے لگے گا اور وہ بیتاب ہو کر آپ سے ملنے کی کوشش کرے گا۔ نہایت مجرب نقش ہے ضرور تجربہ کریں۔

۳۰۶ جو شخص چاہے کہ فلاں شخص اس سے محبت کرے پس اس نقش کے ساتھ اپنے مطلوب کا نام لکھے اور انار کے پیڑ میں لٹکا دے اس نقش کو مشک و زعفران سے لکھے محبت قلبی ہووے۔ نقش یہ ہے۔

االھ۱۳۱۱ام ۱۱۲۶۹۶۱ ۱۳ طاح۳۱وہ وااواوعو

۳۰۷ اگر آپ کسی پر فریفتہ ہوگئے ہیں اور وصال کے لیے بے چین ہیں اور کوئی صورت بر نہیں آتی تو آپ مندرجہ ذیل عمل کام میں لائیں انشاءاللہ آپ کو یقینی کامیابی حاصل ہوگی۔

طریقہ یہ ہے کہ اس نقش کو ایک کاغذ پر نقل کر کے اپنے پاس رکھے نقش یہ ہے۔

حب	حب	حب
حب	حب	حب
حب	حب	حب

جس وقت آپ کا محبوب آپ کے سامنے سے گزرے اس وقت اس نقش کو نکال کر انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دباتے ہوئے زبان سے یہ کلمات ادا کریں کلمات یہ ہیں۔

یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔

یہ عمل کرتے ہی آپ کے محبوب پر یا محبوبہ پر عشق کا نشہ سوار ہو کر آپ کی محبت میں دیوانہ ہو جائے گا اگر مسلسل دس روز تک محبوب کے ساتھ یہ عمل کیا جائے وہ جب تک بھی زندہ رہے برابر محبت کرتا رہے گا اور ایک منٹ بھی وہ چین سے نہ بیٹھ سکے گا۔ دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اگر اس نقش کو دو آدمیوں کے درمیان جو ایک دوسرے سے ضرورت سے زیادہ محبت رکھتے ہوں پھاڑ دو تو ان دونوں کے درمیان رنج و ملال ہو جائے گا اور ان دونوں میں جھگڑا ہو جائے گا یہ نقش دونوں کاموں کے لیے مفید اور مجرب ہے۔

۳۰۸ اگر کسی شخص کا محبوب کسی غیر سے محبت کرتا ہو اور اس سے نفرت کرتا ہو تو ان دونوں نقشوں ... ان دونوں میں نفاق ہو کر اس سے محبت ہو جائے گی۔

اس نقش کو کام میں لا کر تماشا دیکھیں کہ ان دونوں میں کس طرح جھگڑا ہو کر مراد دلی بر آئے۔ نقش ... میں درج ہے۔

۱۷۹۳ھ وا۳۹۷ھ

فلاں بن فلاں

طریقہ یہ ہے کہ سفید اور چکنے کاغذ پر دو نقش بنائیں (۱) نقش پر اپنے محبوب اور اس کی ماں کا نام لکھیں اور (۲) نقش پر اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھیں جس سے محبوب محبت کرتا ہے دونوں نقشوں پر دونوں کے نام مع ماں کے ناموں کے لکھ کر دو تانبے کے لوٹوں میں ڈال دو جب آدھی رات گزر جائے اس وقت دونوں کو آپس میں لڑانا شروع کرو اور زبان سے یابدوح پڑھتے رہو۔

جب تک ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اس وظیفہ کو ختم نہ کر لو اس وقت تک دونوں لوٹوں کو آپس میں لڑاتے رہو۔ اس طرح یہ عمل چودہ رات تک کرتے رہو۔

جب یہ عمل ختم ہو جائے اور مقررہ راتیں گزر جائیں اس وقت ان دونوں لوٹوں کو کسی کھیت میں دور دور کے فاصلے پر دفن کر دو اور ان کو اس طرح چھپا دو کہ کوئی شخص بھی ان لوٹوں کو نکال نہ سکے۔

ادھر لوٹے دفن ہوں گے اور ادھر ان دونوں میں لڑائی شروع ہوگی۔ اور ان دونوں میں اس قدر نفاق پیدا ہوگا اور دونوں اس قدر بیزار ہوں گے کہ ایک دوسرے کی صورت دیکھنے کو تیار نہ ہوں گے اور سخت عداوت و دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

اب اس نقش کی نقل کر کے اپنے سر کے بالوں میں چھپا کر اپنے محبوب کے سامنے جائے۔ محبوب کی نظر جیسے ہی سر پر پڑتے ہی اس کا سر جھک جائے گا اور وہ اس قدر محبت کرے گا کہ آپ حیران رہ جائیں گے۔

یہ واضح رہے کہ ان دونوں لوٹوں کو کوئی نکالنے نہ پائے۔ اگر یہ دونوں لوٹے کسی شخص نے نکال لیے تو محبوب کا قلب پہلی حالت پر منتقل ہو جائے گا اور محبوب از سر نو اسی سے ملنے لگے گا جس سے کہ وہ اس عمل کرنے سے پہلے ملتا تھا، اس وجہ سے ان دونوں لوٹوں کا خیال ضرورت سے زیادہ رکھنا چاہیے تاکہ عمل باطل نہ ہو اور اتنی محنت جو دوران عمل کی گئی ہے رائیگاں نہ جائے۔

۳۰۹ ایک کالے رنگ کی بلی تلاش کرو۔ بلی ایسی ہو کہ ایک بال بھی اس کے جسم میں سفید نہ ہو۔ جب آپ کو ایسی بلی مل جائے تو فوراً اس کی مونچھوں کے بال کتر لو۔ اور ان کو اپنے پاس محفوظ رکھ لو اور ان بالوں کو روئی کی بتی میں لپیٹ لو اور اس فتیلے کو مٹی کے چراغ میں ڈال کر اس کے اندر گھی ڈال دیں اور نصف شب گزر جانے کے بعد کسی تنہا کوٹھری میں چلے جائیں اور چراغ روشن کر دیں، اس چراغ کا رُخ خانہ محبوب کی طرف ہونا چاہیے۔ اس کی روشنی سے کاجل حاصل کریں جب تک وہ جلتا رہے اس وقت تک اس عمل کو پڑھتا رہے۔

الودوڈ یاودوڈ یابدوح یالطیف بحق یاودوڈ یا خالق محبت فلاں ابن فلاں میری محبت میں بے قرار ہو جائے۔ چراغ کی بتی کو جب وہ چھوٹی ہونے لگے بڑھا دے۔ جب کاجل تیار ہو جائے تو اس کو اپنی آنکھوں میں لگا کر محبوب کے سامنے جائے جب محبوب اس کو دیکھے گا انشاء اللہ فوراً عاشق ہو جائے گا۔

۳۱۰ اگر آپ کو کسی سے محبت ہو چکی ہے اور آپ کا محبوب آپ سے بات بھی نہیں کرتا۔ اس سلسلے میں آپ پریشان ہیں اور کوئی صورت ایسی نظر نہیں آتی۔ تب آپ اس انگوٹھی کے ذریعے اس پریشانی سے فوراً نجات حاصل کریں۔ طریقہ یہ ہے۔

چاندی کی انگوٹھی بنوائی جائے اور اس میں بجائے نگینہ کے موم میں سندور ملا کر رکھ دو اور اکیس روز تک اس انگوٹھی پر قل ہو اللہ شریف چالیس مرتبہ آیت الکرسی چالیس مرتبہ پڑھتے رہو جس وقت عمل ختم ہو جائے تو یہ انگوٹھی اپنے محبوب کے ہاتھ میں کسی بھی طرح سے پہنا دو اس انگوٹھی کے پہننے کے بعد محبوب بیتاب و بیقرار ہو جائے گا اور پیچھے پیچھے پھرے گا کسی طرح قرار نہ پائے گا۔

۳۱۱ اس سرمہ سے بہت سے مایوس عاشقوں کی جو کہ خودکشی پر تیار ہو چکے ہیں نئی زندگیاں ملیں، یہ بہت کامیاب اور زود اثر ہے طریقہ سرمہ کا یہ ہے۔

سرمہ خالص سیاہ لے کر اس کو محبوب کے استعمالی کپڑے میں لپیٹ لیں بعدہ، کیکر کے پھول جمع کر کے ان کو ہاون دستے میں ڈال کر کوٹ لیں۔ پھر وہ کپڑے میں لپٹا ہوا سرمہ اس میں رکھ کر گولہ سا بنا لیں اور اس کو سائے میں خشک کریں۔ اس کے بعد دس سیر اپلوں کی آگ میں گل حکمت کریں سرد ہونے پر اس کو نکال لیں مسلسل کھرل کر کے مانند غبار کے باریک پیس لیں۔

اور ایک ہفتہ علی الصباح ایک ایک سلائی اپنی آنکھوں میں لگائیں اور اپنے محبوب سے ملاقات کیلئے جا[ئیں] جب آنکھوں سے آنکھوں کا ٹکراؤ ہوگا محبوب آپ کی محبت میں بے چین ہو کر قدموں میں گر جائے گا اور ہمیشہ ہمیشہ آپ کا تابعدار رہے گا کبھی جدا نہ ہو سکے گا۔

اس کا ضرور خیال رکھیں کہ جس وقت سرمہ آنکھوں میں لگا کر محبوب سے ملاقات کیلئے جائیں تو راستے میں کسی سے باتیں نہ کریں نہ آنکھیں ملائیں ورنہ جس سے آنکھیں مل جائیں گی وہی پیچھے پیچھے ہو جائے گا۔

۳۱۲ جو شخص یہ چاہے کہ کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرے تو اس عمل کو شروع چاند سے مقرر کر کے ہر روز بلاناغہ بے تعداد پڑھا کرے۔ خدا نے چاہا تو تھوڑے ہی دنوں میں وہ فرمانبردار ہو جائے گا لیکن بسم اللہ سمیت پڑھے بارہا تجربے میں آیا ہے دعا یہ ہے۔

لَا اِلٰهَ اِنُّهُنَّ اِلَّا اللّٰه مَلَامِسُ مُحَمَّد الرَّسُوْلُ اللّٰه فلانے کو مجھ بغیر ایک ساعت کل **ندھس عیسیٰ ذکریٰ بررھاتش موسیٰ مھری برزبانش** فلانے کی جگہ ہم مطلوب کا لیوے۔

۳۱۳ جو شخص یہ چاہے کہ کسی کو اپنے عشق و محبت میں بے قرار کر دے تو اس نقش کو اوپر بارہ ٹکڑے روٹی گندم کے ہر ٹکڑے پر ایک ایک فقرہ مندرجہ ذیل لکھے اور ابلق (یعنی چت کبرے) کتے کے آگے ڈال دے تاکہ وہ کھا جائے لیکن یہ خیال رہے کہ اگر مرد کے لیے یہ عمل کیا جا رہا ہے تو نر کتے کو کھلائے اور اگر عورت کے لیے یہ عمل کیا جا رہا ہے تو مادہ کتیا کو ٹکڑے کھلائے یہ عمل طلسم کی حیثیت رکھتا ہے بارہا تجربہ کیا گیا ہے مجرب ثابت ہوا ہے۔

فقرے اس طلسم کے یہ ہیں۔

ع د و حو لا د لو عمو لا هو لا

قو لا عط عط سل ١ ٥ ما عط عهد

۳۱۴ جو عمل درج کیا جا رہا ہے یہ عمل محبوب کے تسخیر کرنے کے لیے عجیب و غریب صفات کا حامل ہے کبھی خطا نہیں جاتا لیکن شرط اس میں یہ ہے کہ جائز محبت کے لیے ہو اور تمام شرائط کی پابندی کے ساتھ اس کو کیا جائے ورنہ بصورت دیگر علاوہ ناکامیابی کے عامل کو خود اپنے لیے شدید خطرات کا امکان ہے۔

۳۲۰ جو شخص جائز محبت کے لیے یہ عمل پڑھے گا تو اکسیر کا کام دے گا اور اگر ناجائز طور پر اس کا استعمال کیا تو بجائے نفع کے نقصان پہنچے گا اس لیے اس معاملے میں یہ احتیاط ضروری اور لازمی ہے۔ عروج ماہ میں بسم اللہ الرحمن الرحیم سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر پانی پر پھونک دیں اور اس پانی کو محبوب کو پلا دے اس پانی کے پیتے ہی محبوب محبت میں دیوانہ ہو جائے گا اور بغیر طالب کے اسے قرار نہ آئے گا یہ عمل بے حد مجرب ہے۔

۳۲۱ یہ ایک لاجواب نسخہ ہے جس کو جائز محبت کے لیے تیار کر کے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ محبوب کتنا ہی متنفر کیوں نہ ہو اس نسخہ کو بس کھا لینا شرط ہے محبوب قدموں پر آ گرے گا بہترین عمل ہے بارہا کا آزمایا ہوا ہے نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

طالب کو چاہیے کہ ذیل کی سات چیزوں کو لائے اور ان پر جدا جدا سورۃ قرآن پاک دم کر کے سب کو یکجا کر لیں اور محبوب کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ کھاتے ہی عاشق فریفتہ ہو جائے گا۔

۱۔ کشمش پر سورۃ الم نشرح اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے۔

۲۔ شہد پر سورۃ اخلاص اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے۔

۳۔ چھوارہ پر سورۃ **والتین** اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے۔

۴۔ مصری پر سورۃ **اِنَّا اَعْطَیْنَا** اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے۔

۵۔ قند پر سورۃ فاتحہ اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے۔

۶۔ ناریل پر سورۃ **لایلاف** اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے۔

۷۔ بادام پر سورۃ **اذا زلزلت الارض** اکتالیس بار پڑھ کر دم کرے۔

یکجا کر کے کھانے سے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً کامیابی حاصل ہوگی۔

۳۲۲ جو شخص کسی کے عشق و محبت میں گرفتار ہو کر اپنی زندگی سے ہاتھ دھو چکا ہو اور بغیر اس کے وصال کے اس کا زندہ رہنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہو تو وہ شرط جائز کا پابند بن کر حسب ذیل عمل کرے یہ عمل تیر بہدف ثابت ہوگا۔ محبوب طالب کے قدموں پر جھک جائے گا۔ دنیا حیران رہ جائے گی مگر جائز صورت اختیار کرنی پڑے گی ورنہ شدید نقصان کا اندیشہ ہے۔

گائے کے شانے کی ہڈی جو کہ سالم ہو حاصل کرے اور اس پر سیاہی سے مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر ...کو آگ میں ڈال دے بحکم خدا جلد از جلد کامیابی ہوگی۔ طلسم معظم یہ ہے۔

۱۶ ۱۱۱ ۹ ط ۱۱ ۱۱ ۱

۷ ۳۱۱ ھ ۶۱ م

فلاں بن فلاں **بمحبت** فلاں بن فلاں بیقرار گردد

فلاں بن فلاں کی جگہ نام مطلوب کا مع نام اس کی ماں کے **بمحبت** کے آگے فلاں بن فلاں کی جگہ نام طالب کا اور طالب کی ماں کا لکھے۔ یہ خیال رہے کہ پہلے نام مطلوب کا اور مطلوب کی ماں کا لکھا جائے بعد میں نام طالب اور اس کی ماں کا لکھا جائے۔

۳۲۳ بعد نماز عشاء اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اور درمیان میں مندرجہ بالا عمل ۸۷۲ بار پڑھیں۔ سامنے مطلوب کی تصویر رکھیں یا تصور اتنا کریں کہ محسوس ہو کہ مطلوب سامنے دست بستہ کھڑا ہے اور گردن خم کیے طالب سے بات کرنے کا منتظر ہے جب عمل مکمل پڑھ چکیں تو ۳ مرتبہ پکاریں۔ الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بنت فلاں۔ میں نے باندھا اپنی الفت میں اس کو جس کا نام یہ ہے۔ یہ کی جگہ اس کا نام پکاریں۔ یہ عمل عروج ماہ نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ انتہائی مجرب ہے۔ ۱۲ یوم میں سنگدل سے سنگدل مطلوب چاہے وہ (بیوی ہو، محبوبہ ہو، دوست ہو، بھائی ہو یا ناراض افسر) طالب کی جانب رجوع کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ وقت اور تعداد پر خصوصی توجہ دیں۔

۷۸۶

بحق جبرائیل

٦٩	٧٢	٧٥	٦٢
٧٤	٦٣	٦٨	٧٣
٦٤	٧٧	٧٠	٦٧
٧١	٦٦	٦٥	٧٦

بحق میکائیل

الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں
العجل العجل العجل السلام السلام السلام
الوحا الوحا الوحا

دوران عمل بڑا گوشت، کچا پیاز، لہسن اور جماع سے سخت احتیاط کی جائے۔

۳۲۴ اگر کوئی پڑھائی نہ کر سکے تو مطلوب مع والدہ کے اعداد اور طالب مع والدہ کے اعداد نقش کے کل اعداد ۸ ۲۷ میں جمع کر کے نقش چاروں عناصر کے مطابق تحریر کریں اور کل تعداد کے مطابق حروف مقطعات پڑھ کر دم کرے اور عناصر کے مطابق نقوش کو استعمال کرے۔

آتشی کو آگ کے قریب دفن کر دے۔ یہ احتیاط کرے کہ نقش جلنے نہ پائے ورنہ حب کے بجائے بغض ہو جائے گا جو کہ لا علاج ہے۔

آبی کسی آب نا رسیدہ ڈولی میں بند کر کے دریا میں یا نہر میں بہا دیں۔

خاکی کو کسی قریبی قبرستان میں میت کے سرہانے (عورت [illegible]) دفن کر دے۔

بادی کو کسی پھل دار درخت پر باندھ دے۔

ایک ہفتہ میں مطلوب رجوع کرے گا۔ اگر بفرض محال رجوع نہ ہو تو دوبارہ لکھیں۔ کہیں نہ کہیں کمی رہ گئی ہے۔ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو کر رجوع کرے گا۔ مجرب است۔

۳۲۵ ایسے افراد خانہ جن میں آئے دن لڑائی جھگڑا ہوتا ہو۔ حتیٰ کہ ایک دوسرے کو اپنا جانی دشمن سمجھتے ہوں یا دوستوں میں بھائیوں میں یا عزیز و اقارب میں غلط فہمی کی بناء پر پھوٹ پڑ گئی ہو جس کا سبب چاہے کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ اس نقش معظم کی برکت سے بہت جلد آپس میں پیار و محبت بڑھے گا اور دل سے ہر قسم کے شکوک و شبہات رفع ہو کر مستحکم دوستی قائم ہوگی۔

اس نقش کو زعفران کی سیاہی سے تحریر کر کے کسی میٹھی چیز میں گھول کر پلا دیں۔ اول تو پہلے ہی دن سے اثرات سعد پیار و محبت ظاہر ہوں گے۔ بصورت دیگر سہ بار تک دیں۔ مجرب ہے۔

یَا حَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا کَرِیْمُ

اِنَّکَ عَلیٰ کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْر

۱۲۳	۱۳۶	۱۲۹	۱۱۶
۱۲۸	۱۱۷	۱۳۲	۱۲۷
۱۱۸	۱۳۱	۱۲۳	۱۲۱
۱۲۵	۱۲۰	۱۱۹	۱۳۰

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً

یَا قَدِیْمَ الاحسان الحب فلاں بن فلاں الحب فلاں بنت فلاں

۳۲۶

وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّ رَحْمَۃً۔

اول ۷ یوم تک اس آیت مبارکہ کو ۷۰ مرتبہ بعد از نماز عشاء اول و آخر درود شریف ۱۱ مرتبہ باوضو مٹھائی ہر رنگ سرخ و سفید حسب حال سامنے رکھ کر پڑھیں اور صبح کو مٹھائی معصوم بچوں میں بانٹ دیں۔ بعد ازاں ۷ یوم کے بعد آپ اس کے عامل ہوں گے عمل کو قابو میں رکھنے کے لیے ۴۱ مرتبہ آیت مبارکہ کی روزانہ تلاوت کرنا ضروری ہے۔

اس آیت کو جائز جگہ استعمال کریں بصورت دیگر رجعت سے وہ حال ہوگا کہ دیوانوں کی طرح زمانہ عالم ہو گے۔ اس لیے اس عمل کو صرف محبت زوجین میں استعمال کریں تا کہ ثواب بھی ملے بعد میں رجعت بھی نہ ہو۔ بوقت ضرورت ناراض شخص کو پانی یا پھر میٹھی چیز پر ۷، ۱۴ یا ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلا دیں اور دعا کریں کہ رب العزت فلاں بن فلاں کو فلاں بن فلاں کی محبت میں بے قرار کرے اور وہ رجوع کرے یا ناراضگی چھوڑ دے۔ انشاء اللہ بجلی کی مانند تاثیر ظاہر ہوگی اور مطلوب خود رجوع کرے گا اور اپنی غلطی کی معافی کا طلبگار ہوگا۔ انتہائی مجرب ہے۔ اعتقاد اور خلوص شرط اول ہے۔ میاں اپنی بیوی اور بیوی اپنے شوہر کے لیے عمل کرنا چاہے تو صرف مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر پانی یا کسی شربت یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلا دے۔ فوراً اثر ہوگا۔

۳۲۷ اگر مطلوب دور ہو اور طالب اس تک نہ پہنچ سکے تو انتہائی خلوص نیت سے طالب کے لیے منت مانے کہ بار الٰہی پنجتن پاک کے صدقے اس نقش کو تاثیر عطا فرما اور فلاں بن فلاں میری جانب رجوع کرے۔

اول یہ اشیاء جمع کریں اور زعفران سے رجال الغیب کو پشت پر رکھ کر خلوص نیت سے نقش لکھے اور بطور صدقہ نذر دے کر نقش کو اپنے بازو پر باندھے۔

یاودود یابدوح یاودود

۱۵۵	۱۵۸	۱۶۲	۱۴۸
۱۶۱	۱۴۹	۱۵۴	۱۵۹
۱۵۰	۱۶۴	۱۵۶	۱۵۳
۱۵۷	۱۵۲	۱۵۱	۱۶۳

بحق یاودود یابدوح یاودود

الحب فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں القائم الباقی تاحیات حب رہے باقی

اشیاء نیاز پنجتن پاک درج ذیل ہیں۔

آب خورہ (آب نا رسیدہ) مٹی کا۔

سواپاؤ برفی۔

۵ عدد چنبیلی کے پھول۔

سواگز سفید کپڑا۔

۱۲ روپے نقد۔

نیاز دلانے کے بعد تمام اشیاء کسی کو ہدیہ کر دیں اور نقش لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں بلکہ عورت بائیں بازو پر باندھے اور جب بھی وقت ملے مطلوب کا تصور کر کے یاودودُ کا ورد کرے۔

۳۲۸ اس عمل سے مستفیض ہونے کے لیے باوضو صدق دل کی اشد ضرورت ہے۔ یہ نایاب نقش بزرگوں کی بیاض سے بعینہ نقل کیا جا رہا ہے۔ ترکیب استعمال انتہائی سہل ہے لیکن جائز اور ناجائز کو ضرور مد نظر رکھا جائے بصورت دیگر رجعت سے بچنا محال ہو جائے گا۔ اس لیے سخت تنبیہ کی جا رہی ہے۔ آخری حد میں جا کر اس عمل سے استفادہ کیا جائے کیونکہ روحانیات سے ناجائز کام کروانا بجائے خود اپنے لیے عذاب کے مول لینا ہے۔ کام تو وہ کر دیں گے مگر عذاب سے چھٹکارا پانا ناممکن ہے ہاں شرعی اور جائز جگہ استعمال کریں ان شاء اللہ بجلی کی سی تاثیر سے اثر دکھائے گا کہ عامل حیران رہ جائے گا تو نایاب صدری عمل و نقش حاضر ہے۔

ح	و	و	ب
ب	و	و	ح
و	ح	ب	و
و	ب	ح	و

یا آفتاب المسخرو الواس بسنم وسوختم دل و جان و عقل وھوش و فھم و دھم وھفت اندام (فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں) اسرع طرفه العین الوحا الساعه کتب ھذا التعویز الحب (فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں شدید الحب یا بغضاء ابدا بحق یا ودود یا ودود بحق لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰه.

۱۳رحیم	۱۸رحمان	۷ مغنی
۱۷محمود	یہاں مقصد لکھیں	۱۵کریم
۱۲مجیب	۳ محب	۱۲قادر

اول باوضو صدق نیت سے مطلوب کے بارے میں سوچ کر فیصلہ کریں کہ آیا شرعی ہے یعنی میاں اپنی روٹھی ہوئی بیوی کے لیے یا عورت اپنے ناراض مرد کے لیے اس عمل سے استفادہ کر سکتی ہے۔ نوچندی جمعرات کو روزہ رکھیں اور شیر برنج سے افطار کریں۔ نماز مغربین ادا کر کے اول سات رنگی مٹھائی پر پنجتن پاک کے نام کی نیاز دلائیں اور نئے قلم اور زعفران کی سیاہی سے اس عبارت عمل اور نقش کو تحریر کریں۔ ۳ عدد نقش لکھیں۔ ایک اپنے پاس رکھیں، ایک آٹے کی گولی میں بند کر کے آب رواں کے حوالے کر دیں اور تیسرا کسی پھلدار درخت سے باندھ دیں تاکہ ہلتا رہے۔ ان شاء اللہ مطلوب بے قرار ہو کر نہ صرف حاضر ہوگا بلکہ اطاعت کا

دم بھرے گا۔ اب طالب پر فرض بنتا ہے کہ وہ مطلوب کی عزت و تکریم کرے۔ عزت کے ساتھ پیش آئے اور اس کی قدر کرے۔

بصورت دیگر عمل کے موکل طالب کو ایسا نقصان پہنچائیں گے کہ جس کی عرصے تک تلافی نہ ہو سکے گی۔ صدق دل سے بخورات جلا کر عمل کریں تا کہ جلدی کامیابی ہو۔ اس کی تاثیر ۲۴ گھنٹے میں ظاہر ہوگی۔ بصورت دیگر نقش لکھنے میں کوئی کوتاہی ہوئی ہوگی۔ اگلی نوچندی جمعرات کو یا اتوار کو عمل کریں اور پیار [illegible] دلائیں۔ انتہائی مجرب ہے۔

۳۲۹ اس عمل حب کو وہی شخص اپنے استعمال میں لائے جو نڈر ہو اور شرعی حدود کو سمجھتا ہو۔ اس عمل کو کرنے والے پر فرض ہے کہ وہ ۲۱ یوم تک پرہیز جمالی جلالی کرے۔ بصورت دیگر عمل نا کام ہوگا اور سوائے وقت کے ضیاع کے کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔ صدری عمل ہے۔ بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔

فی الحال ۲۱ یوم کا عمل حب نایاب صدری حاضر ہے۔ طالب صدق دل سے کرے گا تو ضرور مراد سے اپنی جھولی بھر لے گا۔ عمل یہ ہے۔

لا إلٰه انیس الا اللّٰه کرمنیس بیتھی کو بیتھ ندیس۔ سوتی کو سوتے ندیس۔ مجھ بن فلاں بن فلاں کو آرام ندیس یا حبیب یا حبیب یا حبیب۔

آپ آگ روشن کریں اور تھوڑی دیر کے بعد لوبان ڈالیں تا کہ خوشبو پھیلے۔ بعد ازاں عدد سیاہ مرچ لیکے ہر دانے پر یہ عمل ایک بار پڑھیں اور اس کو آگ میں ڈالتے جائیں۔ اول و آخر درود شریف پڑھیں۔ تصور مطلوب کا رکھیں کہ یہ مرچ جس طرح جل رہی ہے فلاں بن فلاں کا دل میرے لیے بے قرار ہو کر جل رہا ہے۔ مجھ سے فوراً ملنے آئے گا یا آئے گی۔

تعداد میں کمی بیشی نہ ہونے پائے اور نہ ہی جگہ تبدیل کریں ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔ رات کو زمین پر لیٹیں۔ اگر خواب میں کوئی منع کرے تو صبح کو اٹھ کر سوا کلو بڑا گوشت لے کر اپنا صدقہ اتار دیں آئندہ وہ نہیں روکے گا۔

۳۳۰ اگر میاں بیوی میں پھوٹ پڑ گئی ہو اور دونوں میں اختلاف شدت اختیار کر گیا ہو اور بنے کی کوئی صورت نہ ہو تو اس عمل سے استفادہ کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ مجرب است۔

اس عزیمت کو ۲۱ یوم تک رات کو (مسلسل بدھ اور جمعرات) بعد از نماز عشاء کو سو دفعہ پڑھیں اور تصور کریں کہ جیسے یہ نقش جل رہی ہے فلاں بن فلاں کا دل میری محبت میں جلے اور وہ بے قرار ہو کر رجوع کرے۔ انشاء اللہ ۲۱ یوم میں رجوع کرے گا۔ حرام کے لیے ہرگز ہرگز نہ کریں ورنہ جان جا سکتی ہے۔ بعد ازاں نیاز پنجتن پاک کی دلا کر بچوں میں بانٹ دیں۔ انتہائی مجرب حق ہے خلوص نیت اور اعتقاد کامیابی کی گی ہے۔

ع ع ع ع ع ع ع ع د د د د ل ال ال

لا لا عج عج عج العب فلاں بنت فلاں

فلاں بنت فلاں علی الحب فلاں بن فلاں دل و جگر سوختہ حاضر آید۔

۳۳۱ یہ عمل اس جگہ موثر ثابت ہوگا جہاں پر آپ کو کسی حاکم یا کسی شخص سے اپنا کوئی ضروری کام کروانا ہو اور وہ شخص چاہے کتنا ہی سنگ دل کیوں نہ ہو لیکن عامل کو دیکھتے ہی اس کی فوراً حاجت پوری کرتا ہے۔ البتہ [illegible] شرط ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ روز نوچندی اتوار ایک عدد الو ہلاک کر کے اس کا دست راست حاصل کر کے اس کو خشک کرے۔ بحفاظت اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ اگر کسی سے کوئی حاجت درپیش ہو تو اسی دست راست کو اپنے پاس رکھ کر اس شخص کے پاس جا کر اپنی حاجت بیان کرے۔ انشاء اللہ فوراً حاجت پوری کرے گا آزمودہ ہے۔

۳۳۲ ہدہد کی پیشانی کی ہڈی کو روز اتوار حاصل کرے جو شخص اپنے پاس رکھے گا اس کو لوگ ہر دل عزیز سمجھیں گے گویا یہ تسخیر خلائق و تسخیر حاکم کا موجب ہوگی لہٰذا اس سے فائدہ اٹھائیں۔

۳۳۳ یہ کرامتی و طلسماتی عمل خصوصیت سے تسخیر خلائق کیلئے بہت موثر ثابت ہوا ہے لہٰذا جن حضرات کو یہ شوق ہو کہ ہر آدمی اس سے محبت کرے اور اس کا ہر حکم مانے اس کو چاہیے کہ طلسم ہذا کو تیار کرے اور اس کی

ہوگا، آزمودہ مجرب ہے۔

۳۵۳ اگر آپ کو کہیں سے جنتر کیڑا حاصل ہو جائے تو آپ اس کو بروز یکشنبہ جلالیں اور اس بات کی خبر کسی دوسرے شخص کو نہ ہونی چاہیے بعدہ جلے ہوئے کیڑے کے مواد میں عطر گلاب یا عطر موتیا خوب اچھی طرح ملا لیں اور اپنی سیدھی طرف کی بھنویں پر لگا کر جس کے سامنے جا کر اس کو آواز دیں فی الفور مسخر ہوگا۔ مسخر کا آزمودہ ہے۔

۳۵۴ عام طور پر لوگ اس قسم کے اعمال کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں جو کہ نہایت آسان ہو اور زیادہ محنت اس میں درکار نہ ہو، ساتھ ہی ساتھ بے خطا بھی ہو لہٰذا عمل ہٰذا نہایت آسان اور اس کے اجزاء سہل الحصول اور اثرات مثل برق کے ہیں پس آزمائش شرط لازم ہے۔

عروج ماہ قمری میں نوچندی اتوار کو سورج طلوع ہونے سے قبل مرگھٹ میں جا کر تھوڑی سی خاک لائے اور اس میں زاغ سیاہ کے تھوڑے سے پر ملا کر رکھے اور اکیل خود کل اس میں ملا کر جلائے ٹھنڈا ہونے پر لعاب دہن خود ملا کر رکھ چھوڑے بوقت ضرورت ایک رتی اس مواد کا جس کو کھلائے فی الفور مطیع ہوگا اگر کھلانا ممکن نہ ہو تو مطلوب کے سر پر یا کپڑے پر لگا دیں مطیع ہوگا اور اگر سر یا پھر کپڑے پر لگائیں گے تو پھر آپ کو روزانہ یہ عمل کم از کم ایک ہفتہ کرنا ہوگا، بہر حال دونوں صورتوں میں عمل کام کرتا ہے مگر آزمائش شرط ہے۔

۳۵۵ نوچندی اتوار کو سورج طلوع ہونے سے قبل آشیانہ زاغ سے چند پر حاصل کرے اور اسی وقت بیدار انجیر کی ایک عدد چوب ایک گز کی توڑ کر پروں کو چوب میں کسی دھاگے سے باندھے اب آپ کسی زاغ سیاہ کو سات مرتبہ اس چوب سے ماریں پھر گھر واپس آ جائیں اور چوب کو بمعہ پروں کے جلا کر خاکستر بنالیں پھر اس میں لعاب دہن خود ملا کر چند حبوب بنالیں اب ایک حب جس مرد یا عورت کو ماریں گے وہ مثل کلب عامل کے ساتھ ساتھ پھرے گا جاننا چاہیے کہ یہ بالکل بے خطا عمل ہے اگر آپ نے اس کو ایک مرتبہ تیار کر لیا تو حب کے دوسرے کسی عمل کی حاجت باقی نہ رہے گی۔

۳۵۶ پر زاغ سیاہ، پر طاؤس، تاج ہد ہد مکمل۔

ان تینوں اجزاء کو کسی برتن میں جلا دیں لیکن یہ کام بروز نوچندی اتوار کو کرنا چاہیے اور اسی دن کسی چوراہے کی مٹی سورج طلوع ہونے سے قبل لے آئے اور مندرجہ بالا مواد میں ملالیں پھر لعاب دہن خود حبوب بقدر نخود بنالیں اور بوقت ضرورت ایک حب کو لے کر لعاب دہن سے گھس کر مطلوب کے جسم یا کپڑے پر لگا دیں، فی الفور مطیع ہو، نہایت زبردست عمل ہے، یہ بات قابل ذکر ہے کہ جس کا لعاب دہن اس عمل کے اجزاء میں ملا ہو گا مطلوب اسی کا مسخر ہوگا۔

۳۵۷ یہ حب کا نہایت زبردست طلسماتی عمل ہے اور ہرگز خطا نہیں کرتا، یہ عمل اس وقت آپ استعمال کریں جبکہ آپ بالکل مایوس ہو چکے ہوں اور کوئی عمل آپ کا کارگر نہ ہوتا ہو کو کہ آپ کو ایک مرتبہ محنت ضرور کرنی ہوگی لیکن آپ کی محنت رائیگاں نہیں جائے گی، لیکن اس کو ناجائز استعمال نہ کریئے گا ورنہ سخت عذاب میں مبتلا ہوں گے۔

دماغ بوم ایک تولہ، خون ہد ہد دو ماشہ۔

مندرجہ بالا دونوں اجزاء کو لے کر باہم مخلوط کریں اور کسی برتن میں ڈال کر آگ پر چند منٹ پکائیں جب کہ دونوں اجزاء ایک جان ہو جائیں بعدہ برتن کو آگ پر سے اتار لیں اور ٹھنڈا کر کے مواد کو احتیاط سے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت جس کو تسخیر کرنا مقصود ہو کسی کھانے پینے کی چیز میں اس مواد کو ملا کر مطلوب کو کھلا دیں، پھر تو مطلوب کو آپ کے بغیر ایک پل چین نہ آئے گا۔

۳۵۸ جاننا چاہیے کہ اس کراماتی طلسم کا تعلق کیمیا سے ہے اور نہایت درجہ سریع التاثیر ہے، جس کا وار کبھی بھی خالی نہیں جاتا، یقین جانیے کہ اگر آپ نے اس کو تیار کرنے میں کہیں غلطی نہیں کھائی تو کوئی وجہ نہیں کہ یہ طلسم خطا کر جائے اگر آپ کو اب تک حب کے کسی عمل میں کامیابی نہیں ہوئی تو آخری عمل کے طور پر آزما کر دیکھیں۔

چاہیے کہ سب سے پہلے بخور زہرہ و مریخ بجنس و قمر تیار کر کے رکھ لے بعدہ، چاند کی چودہ تاریخ کی شب دو عدد پتلے موم سفید خالص کے بنائے اور ایک پتلا مرد کا جبکہ دوسرا عورت کا ہوگا، اب ان دونوں کو لے کر دونوں پر علیحدہ علیحدہ نام معہ والدہ تحریر کریں اور ایک علیحدہ کمرے میں جس میں کوئی دوسرا سامان نہ ہو اور کمرہ صاف ستھرا ہو اس میں بخور روشن کرے اور ایک پتلے کو مشرق کی سمت جب کہ دوسرے کو مغرب کی سمت لٹا کر بالمقابل رکھے اور ان دونوں کے آمنے سامنے ایک لکیر کھینچے اور اس کے بیچ میں ایک نشان لگائے، یعنی ایک لکیر دو برابر حصوں میں تقسیم ہو گئی، اب آپ لکیر کے آدھے حصہ پر پتلے کی طرف سے لکیر کو چودہ برابر حصوں میں تقسیم کریں اور دوسری طرف کی لکیر پر بھی ایسا ہی عمل کریں یعنی پوری لکیر کل اٹھائیس حصوں میں برابر تقسیم ہوگی دراصل لکیر ڈالنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ روزانہ دونوں پتلوں کو آپس میں نزدیک کرتے جائیں گے جو کہ اٹھائیس تاریخ کو یہ چاہیے اور روزانہ بخور بھی پتلے کے نزدیک کرتے وقت جلانا چاہیے اور کمرے میں

عامل کے علاوہ کوئی دوسرا شخص چودہ یوم تک نہ جائے اور روزانہ صرف ایک ایک حصہ ان دونوں پتلوں کو لکیر کے دونوں طرف سے آگے کی طرف نشان تک کرنا چاہیے اور چاندی جب اٹھائیس تاریخ کو آفتاب و ماہتاب دونوں ایک درجہ دو دقیقہ پر آجائیں تو آپ ان دونوں پتلوں کو سینہ بسینہ ملا کر کھڑا کر کے لکیر کے درمیانی حصہ پر رکھیں اور پھر آپ ان کو کسی ایسی جگہ پر رکھ دیں جہاں پر کسی انسان کی نگاہ نہ پڑے، جاننا چاہیے کہ چاندی چودہ تاریخ سے اٹھائیس تاریخ تک جس قدر کہ یہ پتلے قریب تر ہوتے جائیں گے، اتنا ہی طالب و مطلوب بھی آپس میں نزدیک ہوتے جائیں گے اور جب یہ دونوں پتلے آپس میں جا ملیں گے تو دونوں طالب و مطلوب بھی آپس میں مل جائیں گے اور جب تک یہ دونوں پتلے آپس میں ملے رہیں گے تب تک طالب و مطلوب کو کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی، بہت آزمودہ ہے، اس عمل کی ایک شرط یہ ہے کہ طالب و مطلوب ایک دوسرے کو پہچانتے ہوں، ورنہ شاید عمل موثر ثابت نہ ہو، قارئین پر واضح ہو کہ پتلوں کو نزدیک ہوتے جائیں گے اتنا ہی طالب و مطلوب نزدیک کرنے کا عمل کسی ایک وقت مقررہ پر کرنا چاہیے اور جتنا آفتاب و ماہتاب نزدیک ہوتے جائیں گے اور جب ماہتاب آفتاب سے مل جائے گا اس وقت طالب و مطلوب بھی دوست بن جائیں گے۔

۳۵۹ عورت کو اپنے اوپر فریفتہ کرنے کے لیے بے نظیر ہے، اگر کسی مرد کی بیوی اپنے شوہر سے بروقت بد زبانی کرتی رہتی ہو اور اپنے شوہر سے اس کو ذرہ برابر بھی لگاؤ نہ ہو تو ایسے مرد حضرات بھی عمل ہذا سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ زہرہ ذئب جنگلی کو حاصل کر کے خشک کرے اور بوقت ضرورت اس کو آب کی مدد سے حل کر کے دونوں پستانوں کی درمیانی عظم القص پر مل دیں اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں کہ کس طرح نافرمان عورت آپ کی فرمانبردار ہو جاتی ہے، بظاہر یہ عمل ایک معمولی سا معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس میں بے پناہ روحانی قوت موجود ہے۔

۳۶۰ حب کے لیے ایک چلتا ہوا عمل ہے، جس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے، کیونکہ کبھی خطا نہیں کرتا لہٰذا جس شخص کا دل چاہے بخوشی آزمائش کر کے تجربہ کر سکتا ہے، کوئی نادر و نایاب اجزاء نہیں ہے کہ آپ کو مل نہ سکیں۔

چشم راست کونج ایک عدد، دم بنصر راست خود چند قطرہ، مندرجہ بالا دونوں اجزاء کو آپس میں خوب اچھی طرح یکجان کر لیں اور چند رتی کسی کھانے پینے کی چیز میں ملا کر کھلا دیں تو مطلوب آپ کی محبت میں ایسا بیقرار ہوگا کہ آپ کے بغیر اس کو ایک پل چین نہ آئے گا۔

۳۶۱ اس عمل کی دو خصوصیات ہیں ایک تو حب کی تاثیر رکھتا ہے جبکہ دوسری تاثیر ظالم و جابر حاکم پر ہیبت طاری کرنے کے لیے بھی استعمال میں لایا جاتا ہے، دونوں تاثیر بدرجہ اتم اس میں موجود ہیں، جو کہ تجربہ کرنے پر آپ پر منکشف ہو جائیں گی، لہٰذا ہر خاص و عام کو اس عمل کی اجازت دی جاتی ہے۔

تخم اسد میں روغن گاؤ ملا کر اپنی پیشانی پر لگائیں اور پھر مطلوب یا حاکم کے روبرو جائیں بحکم خدا دیکھتے ہی مطیع و مسخر ہو۔

۳۶۲ اگر کسی عورت کا خاوند بد اخلاق ہے۔ بات بات پر بد زبانی کرتا ہو اور بد سلوکی سے پیش آتا ہو۔ تو عورت کو چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد "یا مومن" چھ ہزار مرتبہ ۲۱ دن تک عشاء کی نماز کے بعد پڑھے روزانہ پڑھائی مکمل کرنے پر اللہ کے حضور اپنے خاوند کو وفادار بنانے کی التجا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے خاوند اپنی بیوی کا گرویدہ ہو جائے گا۔ یہی عمل وہ خاوند بھی کر سکتا ہے جس کی بیوی اس کے ساتھ بد زبانی اور بد سلوکی کرتی ہو۔

۳۶۳ کسی گھر میں اگر بہو کی ناقدری کی جاتی ہو۔ بات بات پر اس کو کسی بھی بات کے طعنے دیے جاتے ہوں۔ گھر میں ساس، سسر یا نندیں وغیرہ اس کے پیچھے پڑے ہوئے ہوں اور اس کو ذلت کا نشانہ بناتے ہوں تو ایسی بہو کو چاہیے روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ "یا معز" پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے خود پی لیا کرے۔ اس عمل کو ۴۰ دن کرے اگر درمیان قدرتی مجبوری کی وجہ سے کچھ دن ناغہ ہو جائیں تو اس کے بعد عمل جاری رکھے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اس کا وقار اس کی سسرال میں قائم ہو جائے گا اور پورا گھرانہ اس سے محبت بھی کرے گا اور اس کی عزت بھی۔

۳۶۴ اگر کسی عورت کا شوہر تابعدار نہ ہو اور بات بات پر بے رخی کا مظاہرہ کرتا ہو تو اس کو چاہیے کہ ۲۱ یوم تک گیارہ ہزار مرتبہ "یا حق" روزانہ پڑھے اور ۲۱ ویں دن اپنے شوہر کی اطاعت و فرمانبرداری اور وفاداری کی دعا کرے انشاء اللہ زبردست کامیابی ملے گی۔

۳۶۵ اگر کسی عورت کو اس کا خاوند یا ساس تنگ کرتے ہوں۔ اور گھر میں اس کی کوئی عزت نہ ہو تو اس کو چاہیے کہ ۳۱۲۵ مرتبہ "یا کبیر" پڑھے اور ایک گلاس پانی پر دم کر کے خود پی لے۔ انشاء اللہ چالیس روز کی پابندی سے اس عمل کی برکت سے اس کا رعب پورے گھر پر قائم ہو جائے گا۔ اگر اتنی تعداد میں پڑھنا ممکن نہ ہو تو پھر مستقل ایک تسبیح روزانہ پڑھتی رہے۔ ان دنوں میں نہ پڑھے جن دنوں میں عورتیں نماز نہیں پڑھتیں۔

۳۶۶ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کی بیوی اس سے بے مثال محبت کرے تو اس کو چاہیے گیارہ دن تک ہر روز "یا ودود" پانچ سو مرتبہ پڑھے اور گیارہویں دن عمل پورا کرنے کے بعد کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائے انشاء اللہ زبردست فائدہ ہوگا۔ اسی عمل کو اگر عورت کرے گی تو اس کو فائدہ ہوگا اس طرح کے عمل اگر شادی سے گیارہ دن پہلے شروع کر کے شادی کی رات پر ختم کر دیے جائیں تو شروع دن سے محبت قائم ہو جائے۔ دونوں میاں بیوی اگر یہ نقش اپنے اپنے گلوں میں ڈالیں یا اپنے اپنے تکیوں میں رکھیں تو بہتر ہے۔

۳۰	یا ودود	۳۰	یا ودود
۳۰	یا ودود	۳۰	یا ودود
یا ودود	۳۰	یا ودود	۳۰
یا ودود	۳۰	یا ودود	۳۰

۳۶۷ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ دنیا والوں کی نظروں میں وہ مقبول ہو جائے اور وہ اپنے گھر میں اور اپنے گھر سے باہر مقبول ہو اور لوگ اس سے محبت کریں اس کی عزت کریں تو اس کا چاہیے کہ کم سے کم تین سو بار روزانہ "یا حمید" پڑھنے کا معمول بنائے۔

۳۶۸ اگر کسی شخص کی بیوی بہت زیادہ نافرمان ہے یا میاں بیوی میں بات بات پر ناچاقی ہوتی ہو اور بات بات پر جھگڑے ہوتے ہوں اور دونوں ایک دوسرے کے ساتھ بات بات پر جھگڑتے ہوں اور ہر وقت کی جھگڑوں میں مبتلا رہتے ہوں تو مرد کو چاہیے کہ اس اسم کو گیارہ سو مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے۔ اسم یہ ہے "یا حفیظ" انشاء اللہ دونوں کے درمیان سکون پیدا ہوگا۔ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرنے اور ایک دوسرے کی عزت کرنے پر مجبور ہوں گے۔

۳۶۹ اگر شوہر بیوی سے بیزار ہے تو اس کی بیوی کو چاہیے کہ اپنے شوہر اور اس کی والدہ کے اعداد نکال کر "یا لطیف" کے ۱۲۹ اعداد شامل کرے اس کے بعد حسب قاعدہ نقش مربع تیار کرے اور اس کی چال آتشی رکھے اور اس نقش کو اپنے گلے میں ہرے کپڑے میں پیک کر کے ڈال لے۔ انشاء اللہ شوہر بیوی کی طرف رجوع کرے گا اور بیوی کی شوہر کی بیزاری کی شکایت رفع ہوگی۔

۳۷۰ اگر کسی عورت کا شوہر بد اخلاق اور بد مزاج ہو تو اس عورت کو چاہیے کہ تین مرتبہ "یا باسط" پڑھ کر پانی پر دم کرے یا کھانے کی کسی چیز پر دم کر کے اپنے خاوند کو پلائے۔ انشاء اللہ اس کی بد اخلاقی اور بد مزاجی دور ہوگی۔ اگر یا باسط کا نقش عورت اپنے گلے میں ڈالے تو اس کا شوہر اس سے محبت کرنے لگے اور اس کے ساتھ حسن سلوک کا معاملہ کرے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۳۱	۳۳	۱۰
۳۳	۱۱	۱۶	۳۲
۱۲	۲۶	۱۹	۱۵
۳۰	۱۳	۱۳	۲۵

برائے حب زوج

۳۷۱ اگر کوئی عورت روٹی کے ۴۰ ٹکڑوں پر **یا عدل** لکھ کر کھائے اور اس عمل کو ۳۰ روز تک کرے اور نیت شوہر کی محبت کی رکھے تو انشاء اللہ اس کا شوہر اس پر جان چھڑکنے لگے۔

۳۷۲ اپنے شوہر کے نام کے اعداد میں "یا لطیف" کے اعداد ۱۲۹ ملا کر مغرب کی نماز کے بعد جو عورت اسی تعداد میں "یا لطیف" پڑھے گی اس کا شوہر اس سے محبت کرنے لگے گا۔

۳۷۳ بہت سے مردوں کی عادت یہ ہوتی ہے کہ وہ بیوی کے ہاتھ میں کوئی پیسہ نہیں دیتے۔ ایسے مردوں کے لیے یہ عمل ہے کہ عورت ایک ہزار مرتبہ "یا کریم" پڑھ کر پانی پر دم کر کے ہر جمعرات کو شوہر کو پلائے۔ انشاء اللہ سات جمعراتوں میں نتیجہ ظاہر ہوگی اور شوہر بیوی کو رقم برائے خرچ دینے لگے گا۔

۳۷۴ اگر میاں بیوی میں نااتفاقی رہتی ہو تو ایک ہزار مرتبہ "یا حکیم" پڑھ کر پانی پر دم کر کے دونوں کو پلائے تو انشاء اللہ نااتفاقی دور ہوگی۔

۳۷۵ اگر کسی [illegible] سے ہو بیزار ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ روزانہ سو مرتبہ "یا ودود" کی تسبیح پڑھا کرے۔ انشاء اللہ کچھ ہی دنوں کے بعد اس کا شوہر اس سے محبت کرنے لگے گا اور اس کی بدگمانیاں خوش گمانیوں میں بدل جائیں گی۔

۳۷۶ اگر کوئی عورت تین سو مرتبہ "یا ودود" پڑھ کر کسی عطر پر دم کر کے رکھ لے اور جب بھی شوہر کے سامنے جائے اس عطر کو اپنے کپڑوں پر لگا لے تو انشاء اللہ شوہر کی رغبت و محبت میں اضافہ ہوگا۔

مندرجہ ذیل نقش جو "یا لطیف یا ولی یا ودود" کے مشترکہ اعداد کا ہے۔ یہ نقش اگر عورت دعا گو عامل سے لکھوا کر ایک اپنے گلے میں ڈال لے اور ایک اپنے گھر میں لٹکا دے تو انشاء اللہ اس کا شوہر اس سے زیادہ محبت کرنے لگے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۸	۵۱	۵۵	۳۱
۵۴	۳۲	۴۷	۵۲
۴۳	۵۷	۴۹	۳۶
۵۰	۴۵	۴۳	۵۶

"یا ودود" کے اعداد ۲۰ ہوتے ہیں۔ طالب و مطلوب کے اعداد میں ان کی ماؤں کے اعداد شامل کرنے کے بعد ان میں ۲۰ کا اضافہ کر لیں اور حسب قاعدہ مطلوب کا عنصر کے اعتبار سے نقش بنا کر طالب ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور مندرجہ ذیل نقش مطلوب کو ۶ جمعراتوں تک پلائے۔ اگر شربت میں پلائے تو بہتر ہے ورنہ کسی بھی چیز میں گھول کر پلائے۔ انشاء اللہ مطلوب کے دل میں طالب کی محبت کروٹیں لینے لگے گی۔ جو نقش پلایا جائے گا وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

اس نقش کو گلاب و زعفران سے لکھنا چاہیے۔

۳۷۷ تسمیہ کا عمل: نماز عشاء کے بعد اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم میٹھی چیز یا پانی پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائیں یا پلائیں اس کے علاوہ ذیل کے نقش کو نماز کے بعد لکھ کر رات کو پانی میں بھگو دیں صبح کسی طریقے سے مطلوب کو پلا دیں ایک نقش کو گلاب کا عطر لگا کر اپنے پاس بھی رکھیں انشاء اللہ مطلوب کی محبت بہت بڑھے گی۔

اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عزرائیل — جبرائیل

۱۵۴۳۳۷	۱۵۴۳۵۹	۱۵۴۳۷۱	۱۵۴۳۱۹
۱۵۴۳۶۷	۱۵۴۳۲۳	۱۵۴۳۳۳	۱۵۴۳۶۳
۱۵۴۳۲۷	۱۵۴۳۷۹	۱۵۴۳۵۱	۱۵۴۳۳۹
۱۵۴۳۵۵	۱۵۴۳۳۵	۱۵۴۳۳۱	۱۵۴۳۷۵

میکائیل — اسرافیل

علی حب علی قلب

مطلوب کا نام بمعہ والدہ — اپنا نام بمعہ والدہ

پلانے کے لئے اس نقش کو لکھیں۔

۷۸۶

۱۵۴۳۳۷	۱۵۴۳۵۹	۱۵۴۳۷۱	۱۵۴۳۱۹
۱۵۴۳۶۷	۱۵۴۳۲۳	۱۵۴۳۳۳	۱۵۴۳۶۳
۱۵۴۳۲۷	۱۵۴۳۷۹	۱۵۴۳۵۱	۱۵۴۳۳۹
۱۵۴۳۵۵	۱۵۴۳۳۵	۱۵۴۳۳۱	۱۵۴۳۷۵

۳۷۸ یا وَدُودُ کا عمل: اسم الٰہی "یا ودود" نماز عشاء کے بعد ۱۱۰۰ مرتبہ اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف کے ساتھ میٹھی چیز یا پانی پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائیں یا پلائیں روزانہ صبح سویرے صرف ایک مرتبہ تسمیہ اور اسم پڑھ کر کسی بھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو دیں اس کے علاوہ ذیل کے نقش کو بھی مطلوب کو پلا سکتے ہیں ایک نقش لکھ کر گلاب کا عطر لگائیں اور اپنے گلے میں پہن لیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ازرائیل — جبرائیل

حمعسق — کھیعص

۹۸	۱۱۰	۱۲۲	۷۰
۱۱۸	۷۴	۹۴	۱۱۴
۷۸	۱۳۰	۱۰۲	۹۰
۱۰۶	۸۶	۸۲	۱۲۶

میکائیل — اسرافیل

(مطلوب کا نام بمعہ والدہ) علی حب علی قلب (اپنا نام بمعہ والدہ)

پلانے کے لئے اس نقش کو لکھیں۔

۷۸۶

۹۸	۱۱۰	۱۲۲	۷۰
۱۱۸	۷۴	۹۴	۱۱۴
۷۸	۱۳۰	۱۰۲	۹۰
۱۰۶	۸۶	۸۲	۱۲۶

۳۷۹ **سورہ فاتحہ کا عمل** نماز عشاء کے بعد ۴۱ مرتبہ الحمد شریف اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف کے ساتھ میٹھی چیز یا پانی پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائیں یا پلائیں اس کے علاوہ ذیل کے نقش کو لکھ کر تانت کو پانی میں بھگو دیں اور صبح مطلوب کو کسی طریقے سے پلا دیں انشاء اللہ مطلوب آپ کے لئے بے چین رہے گا ایک نقش لکھ کر عطر گلاب لگا کر گلے میں پہن لیں اثر آپ خود دیکھیں گے۔ اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ازرائیل — جبرائیل

حمعسق — کھیعص

۲۳۶۴	۲۳۷۷	۲۳۸۹	۲۳۳۶
۲۳۸۵	۲۳۳۰	۲۳۶۰	۲۳۸۱
۲۳۴۴	۲۳۹۷	۲۳۶۹	۲۳۵۶
۲۳۷۳	۲۳۵۲	۲۳۳۸	۲۳۹۳

میکائیل — اسرافیل

(مطلوب کا نام بمعہ والدہ) علی حب علی قلب (اپنا نام بمعہ والدہ)

پلانے کے لئے اس نقش کو لکھیں۔

۷۸۶

۲۳۶۴	۲۳۷۷	۲۳۸۹	۲۳۳۶
۲۳۸۵	۲۳۳۰	۲۳۶۰	۲۳۸۱
۲۳۴۴	۲۳۹۷	۲۳۶۹	۲۳۵۶
۲۳۷۳	۲۳۵۲	۲۳۳۸	۲۳۹۳

۳۸۰ **سورہ اخلاص کا عمل** محبت کے لئے سورہ اخلاص کا عمل بہت مجرب ہے شوہر تنگ کرتا ہو یا گھر چھوڑ گیا ہو یا پھر گھر کا کوئی بھی فرد آپ کو تنگ کرے اس کے لئے تمام کام سے فارغ ہونے کے بعد ۱۴ مرتبہ سورہ اخلاص اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں اس کے بعد بستر پر آ جائیں اب آنکھیں بند کر کے مطلوب کا تصور کرتے کرتے سو جائیں انشاء اللہ مطلوب کے دل میں آپ کے لئے عزت و محبت بڑھے گی اس کے علاوہ ذیل کو نقش کو لکھ کر مطلوب کو پلائیں ایک نقش لکھ کر عطر گلاب لگا کر اور گلے میں پہن لیں اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ازرائیل — جبرائیل

حمعسق — کھیعص

۲۳۸	۲۶۱	۲۷۳	۲۲۰
۲۶۹	۲۲۴	۲۴۳	۲۶۵
۲۲۸	۲۸۱	۲۵۳	۲۳۰
۲۵۷	۲۳۶	۲۳۲	۲۷۷

میکائیل — اسرافیل

(مطلوب کا نام بمعہ والدہ) علی حب علی قلب (طالب کا نام بمعہ والدہ)

پلانے کے لئے اس نقش کو لکھیں۔

۷۸۶

۲۳۸	۲۶۱	۲۷۳	۲۲۰
۲۶۹	۲۲۴	۲۴۳	۲۶۵
۲۲۸	۲۸۱	۲۵۳	۲۳۰
۲۵۷	۲۳۶	۲۳۲	۲۷۷

۳۸۱ **سورہ کوثر کا عمل** تمام کام سے فارغ ہونے کے بعد باوضو ۱۴ مرتبہ سورہ کوثر اول و آخر ۱۱